ABC CERTIFIED

آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ

بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)

DAILY ETTELAAT KARACHI

روزنامہ اطلاعات کراچی

بانی: سیدہ زاہدہ سلطانہ

چیف ایڈیٹر: طاہر ملک

ایڈیٹر: میاں طارق جاوید

ETTELAATKHI@GMAIL.COM

جلد نمبر: 26 | 11 جمادی الثانی 1447 ہجری | 03 نومبر 2025ء | قیمت 10 روپے | شمارہ: 268

سی ٹی ڈی تھانے کے اندر دھماکہ

دھماکے سے آگ لگ گئی

جو دیگر گولہ بارود تک پھیل گئی، اہلکار شہید

دھماکا پولیس اسٹیشن کے اسلحہ خانے میں موجود پرانے بارودی مواد کے پھٹنے کے نتیجے میں ہوا، نتیجے میں ایک اہلکار شہید اور دو زخمی ہوگئے، مزید دھماکوں کی بھی اطلاعات

پولیس اور سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا جبکہ بی ڈی یو، ریسکیو اور فائر بریگیڈ کی ٹیمیں موقع پر پہنچ کر کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں



پیپلز پارٹی نے ہمیشہ آزادی صحافت کا علم بلند رکھا ہے: بلاول بھٹو

سچائی اور جمہوریت کی خاطر اپنی جانوں کو خطرے میں ڈالنے والے صحافیوں کو خراج تحسین پیش



آزادی صحافت جمہوریت کی بنیاد ہے

وزیراعلیٰ سندھ

آزاد میڈیا کے لیے محفوظ ماحول پیدا کرنا ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے، سید مراد علی شاہ کا یوم صحافت پر پیغام

پیپلز پارٹی آزادی اظہار کے تحفظ کیلئے پرعزم، سندھ پہلا صوبہ ہے جہاں صحافیوں کے تحفظ کا جامع قانون نافذ ہے

آزاد اور ذمہ دار صحافت کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے

گورنر سندھ

آزادی اظہار اور حق گوئی جمہوری معاشروں کی پہچان اور بنیاد ہیں، صحافیوں کو خوف و دباؤ سے آزاد ماحول فراہم کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے

سندھ پروٹیکشن آف جرنلسٹس ایکٹ کے تحت قائم کمیشن کو مزید فعال کروانا چاہیے، واقعات کی شفاف تحقیقات اور فوری انصاف یقینی بنایا جائے

سوڈان میں خانہ جنگ

والدین کے سامنے سینکڑوں بچے قتل، ہزاروں افراد محصور

فیم فوجی تنظیم ریپڈ سپورٹ فورسز (RSF) کے جنگجوؤں نے شہر پر قبضے کے دوران بچوں کو والدین کے سامنے قتل کیا، خاندانوں کو الگ کردیا

اقتدار میں اختیاری قتل عام، جنسی تشدد، لوٹ مار اور اغوا کے واقعات بدستور جاری ہیں اب تک 65 ہزار سے زائد افراد شہر سے نکل چکے ہیں

گلستان جوہر میں 20 جھگیاں جل کر راکھ

میونسپل کمشنر بھی ہلاک

آتشزدگی کے نتیجے میں کسی انسانی جان کا نقصان نہیں ہوا، فائر آفیسر آگ لگنے کی وجہ شارٹ سرکٹ بتاتے ہیں

آگ کی شدت اتنی زیادہ تھی کہ پانی کی کئی گی کو پورا کرنے کے لیے کے ایم سی کے واٹر باؤزر اور واٹر ٹینکرز استعمال کیے گئے

صحافی و معاشرتی انصاف کے محافظ اور عوام کی آواز ہیں

مریم نواز

احساس ذمہ داری کے ساتھ آزادی صحافت جمہوریت کی اساس ہے، مضبوط جمہوری معاشرے کے لئے صحافت کا آزاد ہونا بہت ضروری ہے

حق سچ کی آواز اٹھانے والے صحافیوں پر ظلم ناقابل برداشت ہے، ظلم کے انصافی کو بے نقاب کرنے والے صحافی ہیرو ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب

سچل موڑ کے قریب ڈکیتی، مزاحمت پر بھتیجا جاں بحق، چچا زخمی

رواں سال شہر قائد میں ڈکیتی مزاحمت پر جاں بحق ہونے والے شہریوں کی تعداد 76 ہوگئی

پاکستان رینجرز سندھ کی خفیہ معلومات کی بنیاد پر کارروائی

ملزم کے قبضے سے اسلحہ و ایمونیشن بھی برآمد، ملزم کے مبینہ سنگین انکشافات

موجودہ قیادت بانی PTI کی دشمن ہے

عمران اسمبلیوں میں جائیں

موجودہ قیادت نے پارٹی میں مذاق بنا رکھا ہے، سوائے اسٹیبلشمنٹ اور بانی پی ٹی آئی کے درمیان اختلافات بڑھانے کے کچھ نہیں کیا

موجودہ قیادت بانی کو حقائق سے آگاہ نہیں رکھتی، ہم نے بی ٹی آئی چھوڑی، یہ ہم سے چھٹکارا چاہتے ہیں، سابق گورنر سندھ

اپیل

عزت مآب کورکمانڈر کراچی

جناب عالی

اہل کنندہ محب وطن اور قانون پر مکمل عمل درآمد یقین رکھنے والا پراپرٹی ٹیرر ہے بلاک 15 گلبرگ ڈسٹرکٹ 160 R عمر کراچی کا ہے 24 جون 2025 کو پلاٹ نمبر سینٹرل کراچی میں تعمیر شدہ گراؤنڈ پلس ون 120 گز کا پلاٹ خریدا البتہ یہ گراؤنڈ پلس تعمیر شدہ تھا چالان جمع ہوا ہے اپنے بچوں کو اپنی SBCA گھر زندگی میں مکمل گھر فراہم کرنے کے خواب کے پیش نظر جو دوسری منزل کی تعمیرات شروع کی ترمیمی پلان پیش ہوا اور اسٹیٹ کا کاروبار کرنے والے چار افراد اور سرکاری عرف بیوٹیشری کیمیل افغان عرف عالم نے مجھ سے رکھان کی تعمیری صورت میں ہماری ترغیب دی تعمیر شدہ کی بصورت دیگر مجھیں ہی کی جھگیاں ہیں ایڈیشنل کنندہ نے فوجی ڈسٹرکٹ سینٹرل کو 25 جون 2025 کو مذکورہ SSP کو پورے ایس ایچ او جو ہر آباد اور خریدار مطلع کیا اس کے بعد اس چار کی گروہ نے مجھے مزید ہراساں کرنے اور دباؤ ڈالنے کے لیے سندھ ہائی کورٹ میں 2 اگست 2025 کو پٹیشن نمبر 3928/2025 کو حقائق کے برعکس جھوٹی تعاویز کا سہارا لیکر عدالت کو گمراہ کرنے کی ناکام کوشش کی جسے عدالت عالیہ نے اسے آئندہ 27 اگست 2025 کو پٹیشن کی مزید سماعت کرنے سے انکار کردیا گروہ میں شامل جمیل جو امیر اور عرف بیوٹیشری کا بھائی ہے اور کراچی کی تنظیم کے سربراہ کا خود کو گورنر ظاہر بتاتا ہے کے فسران پر سیاسی دباؤ ڈال کر میرے گھر کی تعمیرات روکنے کی کوشش کر رہا ہے تعمیر طریقی کی اجازت کے باسرار عرف پیواد اور کمیل نے خود میرے گھر کے سامنے پلاٹ نمبر آر 170 بلاک 15 ڈسٹرکٹ سینٹرل پر غیر قانونی تیسری منزل تعمیر کی ہے اس کے برعکس مجھے منظور شدہ دوسری منزل بنانے سینٹرل اور ایس ایچ او SSP کہتے ہیں مجھے میں نے ڈسٹرکٹ سینٹرل کے اپنی کنسٹرکٹ جو ہر آباد کو بذریعہ تحریر آگاہ کیا تھا لیکن اس کروہ کے بااثر ہونے کی وجہ سے ان افراد کے خلاف اب تک کوئی کارروائی نہیں کی گئی آپ سے التماس ہے کہ مجھے انصاف دلائیں اور ان ملزمان کے خلاف فوری طور پر ایکشن کے احکامات صادر فرمائیں۔

آپ کا مخلص

محمد افضل، رہائشی پلاٹ نمبر آر 160/15 گلبرگ 1 سٹرکٹ سینٹرل کراچی

ABC CERTIFIED

آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ

بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)

DAILY ETTELAAT KARACHI

روزنامہ اطلاعات کراچی

بانی: سیدہ زاہدہ سلطانہ

چیف ایڈیٹر: طاہر ملک

ایڈیٹر: میاں طارق جاوید

ETTELAATKHI@GMAIL.COM

فوری رابطہ:

0333-3424317

0300-7002722

0320-3055279

For Ads : 0331-2407401



آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
روزنامہ اطلاعات کراچی
DALIY ETTELAAT KARACHI
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
پبلشر سید محمد کمال نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مشرق بلڈنگ آفس نمبر 103 کورٹ روڈ کراچی سے شائع کیا۔ (ریزیڈنٹ ایڈیٹر: تحسین کمال)

فلسطینیوں کے لیے امن صرف ایک فریب

اسرائیل کے وزیراعظم نیتن یاہو نے ڈھٹائی اختیار کرتے ہوئے الٹا حماس پر ہی امن معاہدے کی خلاف ورزی کا الزام عائد کردیا اور اپنی افواج کو غزہ پر بڑے حملے کا حکم دیا۔ حکم ملنے کے بعد اسرائیلی طیاروں نے غزہ سٹی میں الشفا اسپتال کے قریب فضائی حملہ کردیا۔ مشرقی دیرالبلح پر توپ خانے سے بمباری کی گئی، حملوں میں سات فلسطینی شہید ہوگئے، جب کہ حماس کا کہنا ہے کہ غزہ جنگ بندی کی اسرائیلی خلاف ورزیوں پر یرغمالی کی لاش کی حوالگی منسوخ کردیں گے۔ کیا یہ وہی جنگ بندی تھی، جس کا اعلان دنیا بھر میں امن کی علامت کے طور پر کیا گیا۔ فلسطین میں ایک بار پھر انسانی المیہ اپنی انتہا کو پہنچ چکا ہے۔ اسرائیل کی جانب سے جاری بمباری نے ایک بار پھر اس حقیقت کو آشکار کردیا ہے کہ فلسطین کے لیے امن محض ایک سیاسی نعرہ ہے، حقیقت نہیں۔ اسرائیل نے امن معاہدے کو سبوتاژ کرتے ہوئے نہ صرف شہری آبادیوں کو نشانہ بنایا بلکہ اسپتالوں، اسکولوں اور پناہ گزین کیمپوں کو بھی بمباری کا نشانہ بنایا۔ اس سب کے باوجود، امریکا اور یورپی طاقتیں اسرائیل کے دفاعی حق کی گردان دہراتی رہیں۔ کیا امن کا مطلب صرف طاقتور کے لیے محفوظ سرحدیں ہیں، کمزور کے لیے قبرستان نہیں؟ کہا گیا تھا کہ جنگ بند ہوچکی، بم گرنا رک گئے، اب امن بحال ہوگا، مگر حقیقت یہ ہے کہ نہ جنگ رکی ہے نہ ظلم۔ دنیا کے سامنے ایک بار پھر وہی منظر نامہ ہے۔ ایک طرف اسرائیل کا دعویٰ کہ جنگ بندی نافذ ہے، دوسری طرف غزہ کے ملبے تلے دبی انسانیت کی لاشیں۔ یہ جنگ بندی دراصل الفاظ کا دھوکا نکلی۔ عالمی میڈیا کے مطابق معاہدے پر دستخط ہونے کے بعد بھی اسرائیلی افواج نے درجنوں فضائی اور توپ خانے کے حملے کیے۔ شمالی اور وسطی غزہ میں گنجان آبادی والے علاقوں پر بمباری کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔ درجنوں رہائشی عمارتیں زمین بوس ہوچکی ہیں، بازار ویران ہیں، اور تعلیمی ادارے ملبے کے ڈھیر میں تبدیل ہوچکے ہیں۔ اقوام متحدہ کے مانیٹرنگ گروپ کے مطابق اسرائیل نے صرف تین دنوں میں چھیالیس سے زائد حملے کیے جن میں درجنوں معصوم شہری جاں بحق ہوئے اور سیکڑوں شدید زخمی ہیں۔ اسپتالوں میں زخمیوں کی چیخیں اور ڈاکٹرز کی بے بسی ایک ایسا منظر پیش کررہی ہیں جسے دیکھ کر انسانیت شرما جائے۔ عالمی ادارہ صحت نے واضح کیا کہ اسرائیلی بمباری کے باعث امدادی ٹیمیں زخمیوں تک نہیں پہنچ پا رہیں۔ پانی اور خوراک کی فراہمی مکمل طور پر معطل ہے۔ غزہ کے لوگوں کے لیے اب زندہ رہنا ہی سب سے بڑی جنگ بن چکی ہے۔ اس وقت خطے میں سب سے بڑی ضرورت اعتماد سازی اور انسانی امداد کی بحالی ہے۔ اسرائیل اگر واقعی امن چاہتا ہے تو اسے اپنی جارحانہ حکمت عملی ترک کرنی ہوگی۔ امن کی بنیاد صرف اس وقت رکھی جاسکتی ہے جب انصاف کو مرکزیت دی جائے۔

کراچی کی سڑکیں، فٹ پاتھ اور قبضہ مافیا


تحریر: طاہر ملک
چیف ایڈیٹر (روزنامہ اطلاعات کراچی)

کراچی میں ایک نیا موسم شروع ہوچکا ہے، جسے ماہرین موسمیات سالنگ سیزن کا نام دینے پر غور کررہے ہیں۔ ہر چند دن بعد خبروں میں ہنگامہ خیز مناظر، توڑ پھوڑ، اہلکاروں کے سخت چہرے اور ہوٹلوں و چھوٹے ریسٹورنٹس کے باہر چمکتی ہوئی سیل کی پٹیاں نظر آتی ہیں۔ دعویٰ یہ ہے کہ یہ سب ٹریفک کی روانی بہتر بنانے کے لیے کیا جارہا ہے۔ بظاہر لگتا ہے کہ شہر کو انصاف مل گیا، مگر حقیقت میں کارروائی کا نشانہ زیادہ تر چائے کے ہوٹل اور چھوٹے ریسٹورنٹس ہیں۔ ...

شہریوں کے دل میں پہلے جیسا غصہ یا احتجاج نہیں رہا، کیونکہ سب کو معلوم ہے کہ کل پھر یہی سب کچھ دوبارہ ہونے والا ہے۔ کراچی کو دراصل سیل کی پٹیاں نہیں، مستقل منصوبہ، پائیدار پالیسی اور بغیر رشوت کے عمل درآمد کی ضرورت ہے۔ ...

چھاپا، سیل کی پٹی، سامان ضبط، تصویریں اور ویڈیو اور اگلے دن وہی جگہ پھر آباد۔ عوام کے لیے یہ سب اب ایک روایتی شو بن چکا ہے۔ لوگ چند لمحے کھڑے ہو کر منظر دیکھتے ہیں، موبائل نکال کر ویڈیو بناتے ہیں اور پھر آگے بڑھ جاتے ہیں۔ کسی کو یقین ہی نہیں رہ گیا کہ ان کارروائیوں سے کوئی تبدیلی آئے گی۔

فٹ پاتھ پر قبضہ کرنے، ٹریفک روکنے کا سبب بننے والوں کے خلاف سخت اور مستقل کارروائی ہو۔ ... ورنہ کراچی کی گلیاں، بازار اور فٹ پاتھ اسی طرح پھنسا رہے گا۔ کراچی ایک شہر نہیں، کروڑوں انسانوں کا گھر ہے، یہ کھیل اب ختم ہونا چاہیے۔

ہر ادارے میں کرپشن ہے انجام کراچی کیا ہوگا؟


تحریر: سید فیصل احمد

کبھی کراچی کو روشنیوں کا شہر کہا جاتا تھا، مگر اب یہ جملہ صرف پرانی نظموں اور کتابوں تک محدود ہوگیا ہے۔ آج کا کراچی تو ایسا لگتا ہے جیسے روشنیوں کا نہیں، عوام کے اندھیرے کا قائدہ حکمران اٹھائیں۔ ...

... کراچی بھی دنیا کے شہروں کی قطار میں شامل ہوگیا ہے۔ ... جس دن اس منصوبے کی قسمت بدل گئی 10 مارچ 2025۔ ایک تقریب میں چابیاں سندھ حکومت کے ...

... کیونکہ اتنا صبر شاید کہیں اور دیکھنے کو نہ ملے۔

اور آخری سوال

یہ شہر کب سدھرے گا؟ یا ہم سب اسی جھولے میں جھولتے رہیں گے؟

ٹیکس دہندگان کے ساتھ ایف بی آر کا غیر منصفانہ سلوک، قانون اور نظام دونوں کی شکست


تحریر: سہیل جلیل فاروقی ایڈووکیٹ ہائی کورٹ
نائب صدر میر پور خاص ٹیکس بار ایسوسی ایشن

پاکستان میں رواں مالی سال کے دوران انکم ٹیکس ریٹرن فائلنگ کا عمل ایک منظم قانونی طریقہ کار کے بجائے ٹیکس دہندگان اور کنسلٹنٹس کے لیے اضطراب، غیر یقینی اور رکاوٹوں کا باعث بن چکا ہے۔ ...

دفعہ 100BA کے تحت ... دفعہ 235 کے تحت بجلی کے بلوں کی غلط کمپیوٹنگ ... دفعہ 4AB کے تحت سرچارج ... دفعہ 170 کے تحت ... Payable Tab ... Payable Amount ... انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی سیکشن (2)114 ... Self Assessment ... FTO ... Payable Tab ... (Principle of Legitimate Expectation) ... 2002 کے رول (3)73 ... 25 ... دفعہ 119 ...

خیبر پختونخوا کی قسمت تبدیلی کا دور یا تبدیلی کا مذاق؟


تحریر: عادل عباسی
سینئر تجزیہ کار

خیبر پختونخوا میں ایک بار پھر نئی حکومت نے قسمیں اٹھا لی ہیں۔ جی ہاں اتنی 13 رکنی کابینہ نے حلف اٹھا کر اعلان کردیا ہے کہ اب کے بار واقعی تبدیلی آئے گی۔ یہ وہی مشہور جملہ ہے جو کے پی کے عوام گزشتہ گیارہ برسوں سے مسلسل سن رہے ہیں۔ 2014 سے لے کر 2025 تک ہر چند ماہ بعد صرف چہروں کی تبدیلی ہوتی رہی ہے، دعوے وہی پرانے، وعدے وہی گھسے پٹے، اور امیدیں وہی سنہری۔ یوں محسوس ہوتا ہے جیسے خیبر پختونخوا کی حکومت کوئی تربیتی مرکز ہو، جہاں وزیراعلیٰ آکر انٹرن شپ کرتے ہیں، تجربہ حاصل کرتے ہیں، پھر نکال دیے جاتے ہیں، اور نیا وزیراعلیٰ وہی تقریر دہراتا ہے: اب کے بار صوبے کی قسمت بدلنے والی ہے!

2014 میں جب پہلی بار پروان چڑھتی تبدیلی کا بول بالا ہوا، تو کے پی کے پر قرض تھا 64,359.9 ملین روپے) یعنی تقریباً 64 ارب روپے ... 2025 میں یہ قرض بڑھ کر 723.13 ارب روپے ... 723 ارب روپے ...

اضافہ تھا، تو یہ کام کامیابی کے ساتھ مکمل ہوچکا ہے۔ ہر نئے وزیراعلیٰ کے آنے کے بعد پرانے کو نااہل، نکما اور ناکام قرار دے کر سوشل میڈیا پر پوری توپ اتار دی جاتی ہے۔ یوں لگتا ہے جیسے صوبہ نہیں، سوشل میڈیا اکاؤنٹس چلائے جارہے ہوں۔ نیا وزیراعلیٰ آتا ہے تو پھر وہی پرانا ڈائیلاگ: اب کے پی کے کی قسمت بدل جائے گی! اور عوام سوچتی رہتی ہے کہ کیا قسمت کے ساتھ بھی کوئی ری سیٹ بٹن لگا ہوا ہے؟

کے پی کے کی عوام کی حالت اور بھی افسوسناک ہے۔ ہر بار ان کے سامنے خواب وہی رکھے جاتے ہیں: نوکریاں، ترقی، اصلاحات، انقلاب، اور پتہ نہیں کون کون سی نئی اصلاحات۔ لیکن جب دھواں بیٹھتا ہے تو نتائج وہی کل برسوں والی داستان۔ عوام کے ذہن میں صرف ایک سوال گردش کررہا ہے: آخر ہمارا قصور کیا ہے؟ ...

آخر میں حقیقت صرف اتنی سی ہے کہ اگر تبدیلی کا مطلب صرف وزیراعلیٰ تبدیل کرنا ہے، تو پھر خیبر پختونخوا کا مستقبل بھی ایسے ہی رہے گا ...

علامہ شبیر الحسن طاہری ایام فاطمیہ کی مجالس سے خطاب کرینگے

کراچی (پ ر) مدینہ مشن ٹرسٹ کے تحت ایام فاطمیہ کی 03 روزہ مجالس جامع مسجد و امام بارگاہ باب النجف بفرزون میں منعقد ہوں گی، مجالس 6، 5، 4 نومبر بمطابق ... علامہ شبیر الحسن طاہری مجالس سے خطاب کرینگے ...

ایک داعی کی حیثیت سے ہمیں سوشل میڈیا کا مثبت استعمال کرنا ہے، فریحہ فواد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) حلقہ خواتین جماعت اسلامی نشر و اشاعت ضلع جنوبی کے تحت سوشل میڈیا ٹریننگ پروگرام کے رزلٹ ڈے کا انعقاد ہوا ... Purpose Driven Social ... Smarter WayAMedia ...

اجتماع عام نوید انقلاب ہے، خواتین ہراول دستہ بنیں گی۔ ساجدہ تنویر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) حلقہ خواتین جماعت اسلامی حلقہ خواتین ضلع ایئرپورٹ کی ناظمہ ساجدہ تنویر نے علاقہ ملیر کینٹ میں ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 21، 22 اور 23 نومبر کو منعقدہ اجتماع عام ایک فیصلہ کن عوامی جدوجہد کی ابتدا ہے۔ یہ اجتماع صرف ایک جلسہ نہیں، بلکہ تبدیلی کی جانب بڑھتے ہوئے قدم ہیں انہوں نے مزید کہا کہ "بدل دو نظام" کے عزم کے ساتھ ہونے والا یہ عظیم اجتماع عوام کو ان کے بنیادی حقوق کی بحالی، اسلامی نظام کے نفاذ اور باوقار زندگی کی امید دے گا۔


کورنگی میں تنظیم بحریم اساتذہ کے زیر اہتمام محکمہ تعلیم کورنگی کے اشتراک سے اساتذہ کے عالمی دن کی مناسبت سے مقامی ہال میں منعقدہ تقریب میں بہترین کارکردگی پر شاریہ خان کو ایوارڈ دیا جارہا ہے


ایس ایس ڈبلیو ایم پی ٹرافی انٹر کالج گرلز باسکٹ بال سیریز میں کراچی اور حیدرآباد کی ٹیمیں آپس میں مدمقابل ہیں

معاشرتی ترقی کے لیے علمی اور دینی تربیت لازمی ہے، مفتی ساجد حسین

نوجوان نسل کو تعلیم، اخلاقیات اور دین کے اصولوں سے روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے
عوام اصلاحی اور تعلیمی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں تاکہ معاشرہ خدمت خلق کے جذبے سے مالا مال ہو

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نور حرم فاؤنڈیشن کے چیئرمین و مہتمم جامعہ باب القرآن مفتی ساجد حسین قادری نے کہا ہے کہ تعلیم دین اور سماجی فلاح کے شعبوں میں کام کرنا ہر فرد اور ادارے کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ ...

پہلے سڑکیں درست کریں، پھر چالان لگائیں، ایاز میمن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی تاجر الائنس کے چیئرمین اور بانی عام آدمی پاکستان ایاز میمن نے کہا ہے کہ شہر بھر میں بھاری بھرکم جرمانوں اور غیر منصفانہ چالانوں نے عوام کو خوف و اضطراب میں مبتلا کردیا ہے۔ ایک ہزار روپے روزانہ کمانے والا مزدور اگر پانچ ہزار روپے سے زائد کا چالان بھرے تو وہ اپنے گھر کا خرچ کیسے چلائے؟ ...

امریکہ بھارت دفاعی معاہدہ حکومت پاکستان کی سفارتی ناکامی ہے، محمد زبیر

ٹرمپ کی چاپلوسی ناکام ملک کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے کے لیے ہمسایہ ممالک سے برادرانہ تعلقات ناگزیر ہیں
کہ تاریخ گواہ ہے کہ یہود و نصاریٰ کبھی مسلمانوں کے دوست نہیں ہوسکتے، صدر جمعیت علماء پاکستان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملی یکجہتی کونسل پاکستان اور جمعیت علماء پاکستان کے صدر ڈاکٹر صاحبزادہ ابوالخیر محمد زبیر نے امریکہ اور بھارت کے مابین ہونے والے دفاعی معاہدے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ... امریکہ ہمیشہ بھارت کے مفادات کا محافظ اور پاکستان کے دفاعی کردار سے خائف رہا ہے۔ ...

حکمران عالمی طاقتوں کے دباسے باہر نکلیں۔ علامہ مرتضیٰ رحمانی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اسلامی جمہوری اتحاد پاکستان (سندھ) کے صدر علامہ مرتضیٰ خان رحمانی ... نے کہا ہے کہ حکمران عالمی طاقتوں کے دباؤ سے باہر نکلیں ...

نوجوان نسل کو درست رہنمائی فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، مفتی فیض قادری

ادارے نوجوانوں میں اخلاقی تربیت اور مثبت سوچ فروغ دیں تاکہ وہ معاشرتی برائیوں اور جرائم سے دور رہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اہلسنت انٹرنیشنل کے چیئرمین مفتی محمد فیض احمد قادری نے کہا ہے کہ ...


درلڈ کلچر فیسٹیول کے تیسرے روز اوپن مائیک سیشن میں پاکستان سمیت دنیا بھر سے آئے ہوئے آرٹسٹ محو گفتگو کررہے ہیں

کراچی نائٹ لیگ سیزن 18، بی ٹی کے اسٹارز کی ایک اور کامیابی

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) کراچی نائٹ لیگ ... (سیزن 18) کرکٹ ٹورنامنٹ میں بی ٹی کے اسٹارز نے آر آئی اسپورٹس کو 6 وکٹوں سے شکست دے دی۔ ... 120 رنز ... انیس خان 39 ... 18 ... جمعہ خان نے 3، یاسر خان اور سعید حسن نے دو 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

حکمران مہنگائی کے کنٹرول کیلئے فوری اقدامات اٹھائیں۔ اسلم فاروقی

متحدہ پاکستان سمیت تمام سیاسی جماعتیں ای چالان کیخلاف بھرپور میدان میں نکلیں۔ ایم کیو ایس پی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایم کیو ایم پاکستان ... اسلم خان فاروقی نے کہا ہے کہ حکمران مہنگائی کے کنٹرول کے لیے فوری اقدامات اٹھائیں ...

ڈی سی ایل سیزن 11، ٹی زیڈ اسپورٹس، عامر اسپورٹس کامیاب

کرکٹ کو فروغ دینے کیلئے کام کرتے رہیں گے، احمد چوہان، شیخ ساجد کریم

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) دہ گوٹھ پریمیئر لیگ ڈی سی ایل سیزن 11 میں ٹی زیڈ اسپورٹس نے ... احمد چوہان، کامران خان ترین، شیخ ساجد کریم، عبدالخالق پلاری، فیصل و دیگر ...

جنرل سیکریٹری اور مدرسہ اسلامیہ برمی کالونی کے مہتمم محمد حمید انتقال کرگئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی ضلع کورنگی کے رکن ... مدرسہ اسلامیہ برمی کالونی کے مہتمم محمد حمید انتقال کرگئے ...

ڈپٹی کمشنر غربی کی ہدایت پر اورنگی نمبر 4 میں سفیر اسپتال سیل

فلاحی زمین پر کمرشل سرگرمیوں کی شکایت کا نوٹس لیتے ہوئے کارروائی کی گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر ضلع غربی نے سپریم کورٹ کے احکامات کے خلاف ورزی ہے کہ فلاحی زمین پر کمرشل سرگرمیوں کو سپریم کورٹ نے غلط قرار دیا ... اورنگی ٹاؤن نمبر 4 میں واقع سفیر اسپتال اور اسکول ...

عشرت العباد خان کا آفتاب شعبان میرانی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سابق گورنر سندھ و میری پہچان پاکستان کے روح رواں ڈاکٹر عشرت العباد خان نے سابق وزیراعلیٰ سندھ وسینئر سیاستدان آفتاب شعبان میرانی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ مدبر سیاستدان تھے اصولی سیاست کی۔ اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہوں کہ انکی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

جماعت اسلامی کے سابق رکن سندھ اسمبلی اخلاق احمد مرحوم کی اہلیہ انتقال کرگئیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی سندھ کے سابق سیکریٹری، سابق رکن سندھ اسمبلی اور کارساز ٹرسٹ کے بانی مرحوم اخلاق احمد کی اہلیہ کا انتقال ہوگیا، ان کی نماز جنازہ اتوار کو بعد نماز مغرب مسجد اقصیٰ فیڈرل بی ایریا بلاک 15 میں ادا کی گئی۔ نماز جنازہ میں امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان، سابق امیر صوبہ سندھ محمد حسین محنتی، نائب امیر کراچی مسلم پرویز، امیر ضلع گلبرگ وسطی کامران سراج، ٹاؤن چیئرمین گلبرگ نصرت اللہ، یو سی چیئرمین ناظم علاؤ حیر یعقوب و دیگر نے شرکت کی۔


پریس کلب کے سامنے جیے سندھ محاذ کے کارکنان احتجاجی مظاہرہ کررہے ہیں



فلاحی زمین پر کمرشل سرگرمیوں کو خلاف قانونی قرار دیے گئے سپریم کورٹ کے فیصلے کی روشنی میں اورنگی ٹاؤن نمبر 4 میں واقع نجی سفیر اسپتال و اسکول کو ڈی سی غربی کا عملہ سیل کررہا ہے

بقیہ نمبر 01 اطلاعات

ہے۔ان خیالات کا اظہار چیئرمین محمد یوسف نے از سر نو تعمیر ہونے والی شاہراہ شاعر اعجاز رحمانی کی تعمیر کے کام کا معائنہ کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ٹاؤن وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر، یوسی چیئرمین و وائس چیئرمین، ایکسین ای این B & R اشفاق حسین، افسر پی ایچ آر، فیصل صغیر، انجینئر علمدار حسین، انجینئر ساجد صدیقی، ایڈیشنل ڈائریکٹر ریکوریشن مشتاق خان، ڈپٹی ڈائریکٹر باغات آفتاب احمد و دیگر ٹاؤن افسران بھی موجود تھے۔چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کی خصوصی دلچسپی اور براہ راست نگرانی میں پاور ہاؤس چورنگی سے مچھلی مارکیٹ نمبر 3 تک سڑک کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری ہے۔ٹاؤن چیئرمین محمد یوسف گزشتہ رات خود موقع پر موجود رہے اور رات گئے تک مشینری و عملے کے ساتھ تعمیراتی سرگرمیوں کی نگرانی کرتے رہے۔اس موقع پر چیئرمین محمد یوسف نے کہا کہ یہ سڑک نیو کراچی کی مرکزی اور معروف ترین شاہراہوں میں سے ایک ہے جہاں روزانہ ہزاروں گاڑیاں اور شہری گزرتے ہیں مگر اس کی خستہ حالت نے شہریوں کو شدید اذیت میں مبتلا کر رکھا تھا۔عوامی مشکلات کو دیکھتے ہوئے ہم نے یہ منصوبہ اپنے ٹاؤن کے محدود فنڈز سے شروع کیا، کیونکہ خدمت کے جذبے کے سامنے رکاوٹیں کوئی معنی نہیں رکھتیں۔یہ سڑک کے ایم سی کی تحویل میں تھی مگر شہریوں کی سہولت کے لیے ہم نے یہ ذمہ داری خود اٹھائی۔عوامی خدمت سیاست نہیں عبادت ہے، اور میں سمجھتا ہوں کہ اگر چیئرمین اپنے دفتر سے نکل کر میدان میں آجائے تو تبدیلی ممکن ہے۔چیئرمین نے بتایا کہ شاہراہ بنام شاعر اعجاز رحمانی پر اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب اور گرین بیلٹ کی تعمیر بھی مکمل کر لی گئی ہے، جس سے علاقہ نہ صرف روشن بلکہ خوبصورت اور محفوظ ہو گیا ہے۔ذرائع کے مطابق پاور ہاؤس چورنگی تا مچھلی مارکیٹ نمبر 3 سڑک (شاہراہ بنام شاعر اعجاز رحمانی) کے اس منصوبے کا افتتاح امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن منگل کی شب رات آٹھ بجے کریں گے۔

بقیہ نمبر 02 اطلاعات

کے واضح احکامات کی صریح خلاف ورزی ہیں۔گلشن بلاک 7، بوٹ بیسن کے پلاٹ نمبر F-95 پر ایک نئی بینک برانچ بغیر کسی قانونی این او سی یا منظوری کے تعمیر کی گئی۔ذرائع کے مطابق آفتاب (زرداری) اسسٹنٹ



پیپلز پارٹی نے کراچی کو مفتوحہ علاقہ عوام کو غلام سمجھ لیا ہے

آفاق احمد

بنیادی سہولتیں فراہم کیے بغیر ای چالان قبول نہیں، ہر ظلم و ناانصافی کے پیچھے متحدہ پیپلز پارٹی کی بی ٹیم بنی ہوئی ہے، چیئرمین مہاجر قومی موومنٹ

کراچی کا بنیادی ڈھانچہ اس بری طرح تباہ ہے جیسے موجود ہی نہیں، لوگوں کو پبلک ٹرانسپورٹ، تعلیم، بجلی، پانی، گیس جیسی سہولتوں سے محروم کر دیا گیا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین مہاجر قومی موومنٹ (پاکستان) آفاق احمد نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی نے کراچی کو مفتوحہ علاقہ، عوام کو غلام سمجھ لیا ہے، بنیادی سہولتیں فراہم کیے بغیر ای چالان قبول نہیں، ہر ظلم و ناانصافی کے پیچھے متحدہ پیپلز پارٹی کی بی ٹیم بنی ہوئی ہے۔ ضلع وسطی کے دفتر میں تحریک میں شامل ہونے والے نئے کارکنان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کراچی بانیان پاکستان کی اولادوں کا شہر ہے اور وہ اپنے بزرگوں کے وطن کا دفاع کرنا اچھی طرح جانتے ہیں۔ انہوں نے بھارت کے وزیر دفاع اور بھارتی فوجی سربراہ کے اشتعال انگیز اور کراچی سے متعلق بیانات کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ کراچی تر نوالہ نہیں، بھارت آئے سبق سکھا دیں گے۔ آفاق احمد نے پہلے اے این پی نمبر پلیٹ اور اب ای چالان کے ذریعے کراچی کے عوام کو لوٹنے کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18



ڈسٹرکٹ بوائے اسکاؤٹس ایسوسی ایشن کے ہیڈ کوارٹر کا شاندار افتتاح

25 ٹاؤنز میں صدر واحد ٹاؤن ہے جس میں اسکاؤٹس ہیڈ کوارٹر قائم کیا گیا ہے، منصور احمد شیخ

اسکاؤٹس تحریک نوجوانوں کو نظم و ضبط، خدمت خلق اور قیادت کا جذبہ سکھاتی ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3

چیف آف دی نیول اسٹاف آل پاکستان

اسکواش چیمپئن شپ اختتام پذیر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20

بینکنگ مافیا کا نیا کھیل، وزیر بلدیات کے نام کا ناجائز استعمال

اسٹیٹ بینک کی پابندی کے باوجود کراچی میں غیر قانونی بینک برانچز کی تعمیر و اوپننگ عروج پر

مالی لین دین کے شواہد اور ثبوت حاصل ہو چکے ہیں، جب کہ غیر قانونی تعمیر کے آثار موقع پر واضح طور پر موجود ہیں۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2

اسپیکر سندھ اسمبلی کی سردار علی

گوہر خان مہر کی رہائش گاہ آمد

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19

نیو کراچی ٹاؤن کی تعمیر و ترقی میں سڑکوں کی تعمیر اہم سنگ میل

نیو ماڈل سڑک شاعر اعجاز رحمانی کے نام سے منسوب کی جا رہی ہے۔ چیئرمین محمد یوسف

ماڈل شاہراہ کو شاعر اعجاز رحمانی پرائمس / گرین بیلٹ کی تعمیر کا کام مکمل کیا جا چکا ہے۔ چیئرمین محمد یوسف

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1

جماعت اسلامی کی منافقت پر مبنی سیاست کا اصل چہرہ سامنے آچکا ہے

سعدیہ جاوید

حافظ صاحب کو میئر کراچی سے چڑ ہو گئی ہے، انہیں دوسروں کا کام برا اور اپنا اچھا سمجھنے کی بیماری لاحق ہو چکی ہے، ترجمان سندھ حکومت

یہ لوگ پرانی کیسٹ کی طرح ہر بار وہی بات دہراتے رہیں گے، سعدیہ جاوید کا امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن کے بیان پر ردعمل

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21



غزہ میں انسانی بحران سنگین صورتحال اختیار کر چکا ہے

بلال عباس قادری

غزہ میں مسلسل اسرائیل کی جنگ بندی معاہدے کی خلاف ورزیاں جاری ہیں، اسرائیلی بمباری سے معصوم فلسطینی شہید ہو رہے ہیں

جنگ بندی کے اعلان کے باوجود اسرائیلی مسلح افواج کی جارحیت جاری ہے، اب تک سیکڑوں بے گناہ فلسطینی شہید ہو چکے ہیں، صدر سنی تحریک

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22

نیپالی سفیر پاکستان کے ساتھ تجارت، سرمایہ کاری اور روابط بڑھانے کی خواہشمند

کراچی کی تاجر برادری آئی سی ٹی، ڈیجیٹل شعبوں میں مشترکہ منصوبے تلاش کرے، ریتا دھتال

پاکستان، نیپال کے درمیان براہ راست پروازوں سے تجارتی تعلقات میں مزید بہتری آئے گی، ریحان حنیف

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4

کراچی میں ای چالان سسٹم کے بعد اہلکار تبادلے کرانے لگ گئے

ڈی آئی جی ٹریفک کا انکشاف

اپنا تبادلہ کام نہ کرنے والے کرا رہے ہیں، اور ہمیں بھی انہیں روکنے میں کوئی دلچسپی نہیں ہے، ٹریفک پولیس فورس میں اب نوجوان لڑکوں کو سامنے لایا جا رہا ہے

ٹریفک پولیس فورس میں اب نوجوان لڑکوں کو سامنے لایا جا رہا ہے تاکہ فورس کو نیا خون مل سکے اور تبدیلی آئے، پیر محمد شاہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23

سندھ بار کونسل کے انتخابات پر تمام امیدواران کو مبارکباد، عشرت العباد خان

ضلع ملیر کی واحد نشست پر ریاض احمد بھٹی ایڈووکیٹ کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی

انصاف کے حصول کے متلاشی سائل کی داد رسی کے لیے بہتر اور تیز رفتار اقدامات کیے جائے



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5



صدر پی ایف یو جے ورکرز ڈاکٹر سعدیہ کمال کی سوات پریس کلب میں عہدیداران و دیگر صحافیوں کے ہمراہ پریس کانفرنس اور صحافیوں کو درپیش مسائل بارے تفصیلی میٹنگ

حیدرآباد ریجن میں ون ونڈو فیسلیٹیشن کا قیام اہم سنگ میل ہے، مزمل حسین ہالیپوٹو

ون ونڈو فیسلیٹیشن سینٹر کے افتتاح کی تیاریوں کا جائزہ لینے کے لیے حیدرآباد ریجنل آفس کا دورہ

عوامی شکایات کے فوری ازالے، کاغذی کارروائی میں کمی، اور تعمیراتی عمل میں شفافیت کو یقینی بنایا جائے گا



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6



پاکستان میں نیپال کی سفیر ریتا دھتال کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے دورے کے موقع پر شیلڈ پیش کر رہے ہیں

شجاعت حسین کے وژن خوشحال پاکستان و عوامی ترقی پر کاربند ہیں

طارق حسن

وزیر اعلیٰ سندھ نے سرکاری نوکریوں کے لئے سندھ جاب پورٹل کا آغاز کر دیا ہے عوام کے مسائل کے حل ہر وقت کوشاں ہیں

آج کی تقریب طارق حسن کے اعزاز میں کرنے کا مقصد ان کی خدمات کا بھی اعتراف ہے۔ کیونکہ انہوں کبھی مسلم لیگ کے کارکنان کو نظر انداز نہیں کیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25



پاکستان میری ٹائم ہفتہ 2025 کے موقع پر محمد جنید انور چوہدری وفاقی وزیر برائے میری ٹائم افیئرز کے پی ٹی کے چیئرمین ریئر ایڈمرل شفیق الرحمان کے ساتھ کے پی ٹی کے دورے کے موقع پر کیک کاٹ رہے ہیں

پاکستان کو تصادم نہیں مفاہمت کی سیاست کی ضرورت ہے

محمود مولوی

پاکستان مضبوط اور قابل اعتماد ملک کے طور پر ابھر رہا ہے، یہ وقت نفرت نہیں بلکہ امید اور اتحاد کی سیاست کرنے کا ہے

ہمارا مقصد واضح ہے، ہم اس ملک میں مفاہمت، مکالمے اور تعمیری سیاست کو فروغ دینا چاہتے ہیں، سابق رکن قومی اسمبلی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24

شہری حسین بخش اور دیگر کی جانب سے دائر درخواست پر سماعت مقرر

اب دہندگان اور ایڈووکیٹ جنرل سندھ کو نوٹس جاری کیے جائیں اور انہیں پیش ہونے کی ہدایت کی جائے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7

بین الاقوامی نمائش انٹرنیشنل میری ٹائم ایکسپو اینڈ کانفرنس ایکسپو کراچی میں ہوگی

حبیب ابراہیم رحمت اللہ روڈ جانب سر شاہ سلیمان روڈ جانے کی اجازت نہیں ہوگی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8

میرپورخاص کا نوجوان حساس ادارے کا انسپکٹر کراچی میں ڈمپر مافیا کا شکار ہوگیا

محمد ایوب آفریدی جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ڈیوٹی واپس آتے ہوئے حادثے کا شکار ہوا



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9

یوسفزئی قومی اتحاد پاکستان کو سندھ میں فعال کیا جائیگا، لیاقت مداخیل یوسفزئی

تمام سندھ میں کمیٹیاں بنا رہے ہیں تاکہ ایک دوسرے سے رابطہ کو مضبوط کیا جائے

ہم اپنی تنظیم یوسفزئی قومی اتحاد پاکستان کو سندھ میں فعال کر رہے ہیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11





اسلم فاروقی کی صحافی یاسین کھتری و انوار احمد کے اعزاز میں تقریب

موضوع تقریب کراچی مسائل پر اسلم خان معیز الحسن شبانہ سحر و دیگر کا خطاب

کراچی مسائل کا ڈھیر بن چکا سدباب کیلئے فی الفور اقدامات اٹھائے جائیں۔ مقررین

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12

مسائل کے شکار لوگوں میں امید کی کرن کو دیکھ رہا ہوں، خالد مقبول صدیقی

آرٹیکل 140 A کا قانون منظور کرکے پنجاب کے عوام کے حقوق کا تحفظ کیا



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13

ملزمان دن دہاڑے عام شہریوں کو اسلحہ کے زور پر لوٹ رہے ہیں، بابو غلام حیدر مگسی

پنچھو ریلوے پھاٹک سے تین مسلح ملزمان نے میرے بیٹے سے موٹر سائیکل چھینی اور تشدد کیا

بر وقت کسی بھی قسم کی ملزمان کے خلاف کارروائی نہیں کی اور ملزمان با آسانی سے فرار ہو گئے



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14

کورنگی ٹاؤن میں جاری صفائی مہم زور و شور سے جاری

ان کی شب و روز کی محنت رنگ لانے لگی ہے، کورنگی ٹاؤن کی حالت تیزی سے بدلنا شروع ہو گئی ہے

علاقے کو صاف، سرسبز و شاداب بنانے کے لیے ہم دن رات اپنی کاوشوں میں مصروف ہیں، نعیم شیخ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10

ندیم شیخ ایڈووکیٹ و دیگر کی سندھ

بار کونسل کے نو منتخب اراکین کو مبارکباد

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26

یو آئی ایس ٹی پی پینل اور فرینڈز پینل کا ایک ایک امیدوار کامیاب

سانگھڑ کی سیٹ فرینڈز پینل کے الطاف حسن جونیجو حاصل کرکے کامیاب قرار پائے

یو آئی ایس ٹی پی پینل کے امیدوار محمد ہاشم لغاری نے 758 ووٹ حاصل کرکے میدان مار لیا



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16

اسداللہ بھٹو، کاشف سعید شیخ و دیگر کا آفتاب

شعبان میرانی کی وفات پر تعزیت کا اظہار

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28

ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو نے اتوار کا دن مسیحی برادری کے نام کیا

ضلع بھر کے 140 گرجا گھروں میں 335 سے زائد افسران اور اہلکار سکیورٹی ڈیوٹی پر مامور ہیں

داخلی اور خارجی راستوں پر واک تھرو گیٹس، میٹل ڈیٹیکٹرز اور سی سی ٹی وی کیمرے فعال کیے گئے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15



سینئر مرکزی رہنما و سابق صوبائی وزیر شبیر احمد قائم خانی، خالد قیم، آفاق احمد خان، سلیم میمن، اراکین ڈسٹرکٹ کمیٹی، یوسی کے ذمہ داران نے کامران شیخ سے ان کے بھائی ڈاکٹر عمران شیخ، ڈاکٹر اشتیاق احمد خان سے ان کے بھائی، خالد احمد سے ان کے والد اور شعیب احمد کے والد شکیل جیالا کے انتقال پر تعزیت و فاتحہ خوانی کی۔

لوڈ شیڈنگ فری زون میرپورخاص میں شہری لوڈ شیڈنگ سے پریشان

سٹلائٹ ٹاؤن بھانگسکھ آباد، غریب آباد سمیت متعدد علاقوں میں غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ تسلسل کیساتھ جاری



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17



ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو نے اتوار کے روز ضلع بھر میں مسیحی برادری کی عبادت گاہوں پر سکیورٹی انتظامات کا از خود جائزہ لے رہے ہیں